ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان شاہینز بمقابلہ زمبابوے اے دوسرا چار روزہ میچ۔

موتارے، 11 مئی 2023

نوجوان وکٹ کیپر بیٹسمین حسیب اللہ کی شاندار کریئر بیسٹ سنچری کی بدولت پاکستان شاہینز نے زمبابوے اے کے خلاف دوسرے چار روزہ میچ کے دوسرے دن اپنی پہلی اننگز میں 461 رنز بنائے تھے اور اس کے 8 کھلاڑی آوٹ ہوئے تھے۔

پاکستان شاہینز کو 298 رنز کی سبقت حاصل ہوگئی ہے اور ابھی اس کی 2 وکٹیں باقی ہیں۔

یاد رہے کہ زمبابوے اے کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 163 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی تھی۔

دوسرے دن کے کھیل کی خاص بات حسیب اللہ کی شاندار سنچری تھی۔ ان کے علاوہ عمیر یوسف اور حسین طلعت نے بھی نصف سنچریاں اسکور کیں۔

پاکستان شاہینز نے گزشتہ روز کے اسکور 115 رنز ایک کھلاڑی آوٹ پر اپنی پہلی اننگز شروع کی لیکن محمد حریرہ اپنے گزشتہ روز کے اسکور 60 میں صرف 4 رنز کا اضافہ کرکے چیوانگا کی گیند پر کایا کے ہاتھوں کیچ ہوگئے۔

چیوانگا نے کامران غلام کی 2 رنز کی مختصر اننگز کا خاتمہ بھی کر دیا جس کے بعد عمیر یوسف اور حسین طلعت نے چوتھی وکٹ کی شراکت میں 84 رنز کا اضافہ کیا۔
عمیر یوسف نے اپنی نصف سنچری 76 گیندوں پر پانچ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے مکمل کی۔

یہ شراکت عمیر یوسف کے آؤٹ ہونے پر ختم ہوئی جو چھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 65 رنز بنا کر روئے کیا کی گیند پر بولڈ ہو گئے۔

حسین طلعت نے اپنی نصف سنچری 74 گیندوں پر ایک چھکے اور چار چوکوں کی مدد سے مکمل کی۔ وہ آٹھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 74 رنز بنا کر وکٹر نیاؤنگی کی گیند پر آؤٹ ہو گئے جنھوں نے اپنے اگلے ہی اوور میں قاسم اکرم کو بھی پویلین کی راہ دکھا دی۔ قاسم اکرم نے چار چوکوں کی مدد سے 36 رنز بنائے۔

20 سالہ وکٹ کیپر بیٹسمین حسیب اللہ اور عامر جمال نے ساتویں وکٹ کی شراکت میں 83 رنز کا اضافہ کر کے اپنی ٹیم کی پوزیشن مستحکم کر دی۔

عامر جمال چار چوکوں کی مدد سے 35 رنز بنا کر نیاؤنگی کی اس اننگز میں تیسری وکٹ بنے۔ چیوانگا نے بھی اننگز میں اپنی تیسری کامیابی مہران ممتاز کو آؤٹ کر کے حاصل کی لیکن دوسری جانب حسیب اللہ فرسٹ کلاس کرکٹ میں اپنی دوسری سنچری 144 گیندوں پر مکمل کرنے میں کامیاب ہو گئے جس میں ایک چھکا اور 13 چوکے شامل تھے۔

حسیب اللہ کھیل کے اختتام پر 14 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 111 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ تھے۔ اس سے قبل فرسٹ کلاس کرکٹ میں ان کا بہترین انفرادی اسکور 100 تھا جو انھوں نے گزشتہ سال قائداعظم ٹرافی میں بلوچستان کی طرف سے خیبر پختونخوا کے خلاف ملتان اسٹیڈیم میں بنایا تھا۔

دوسرے ناٹ آؤٹ بیٹسمین محمد علی 8 رنز پر کھیل رہے تھے۔ حسیب اللہ اور محمد علی نویں وکٹ کی شراکت میں قیمتی 49 رنز کا اضافہ کر چکے ہیں۔

میچ کا مختصر اسکور۔

زمبابوے اے پہلی اننگز۔ 163 آل آؤٹ۔ مارومانی 66 ڈیون مائرز 50۔ محمد علی۔ 36/4 وکٹ۔ مہران ممتاز۔ 36/3 وکٹ۔ عامر جمال 51/3 وکٹ۔

پاکستان شاہینز پہلی اننگز 461 رنز 8 کھلاڑی آؤٹ۔ حسیب اللہ 111 ناٹ آؤٹ، حسین طلعت 74، عمیر یوسف 65، محمد حریرہ 64، چیوانگا 83/3 وکٹ۔ نیاؤنگی 113/3 وکٹ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial